# 32455 ـ عورت کا اپنے والد کے ماموں سے شادی کرنا

**سوال**

کیا لڑکی اپنے والد کے ماموں سے شادی کرسکتی ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

لڑکی کا اپنے والد کے ماموں سے شادی کرنا جائز نہیں ، اس لیے کہ والد کا ماموں اس کی بھی ماموں ہے اوروہ اس کے محرموں میں سے ہے ۔

اللہ تعالی کا فرمان ہے :

تم پر تمہاری مائیں ، اورتمہاری بیٹیاں ، اورتمہاری بہنیں ، اورتمہاری پھوپھیاں ، اورتمہاری خالائیں ، اورتمہاری بھتیجیاں اورتمہاری بھانجیاں حرام ہیں النساء ( 23 ) ۔

علماء کرام رحمہم اللہ تعالی نے نے بالنص کہا ہے کہ والد کا چچا اس کے بیٹے کا بھی چچا ہے ، اوروالد کا ماموں اس کے بیٹے کا بھی ماموں ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔

دیکھیں کتاب : المقنع ولانصاف والشرح الکبیر تحقیق ڈاکٹر الترکی ( 20 / 277 ) ۔

واللہ اعلم .